## (۲)

نام کتاب : آفتابِ نبوتؐ کی ضیاء پاشیاں

مصنف : مولانا عبدالقیوم حقانی

ضخامت : 218 صفحات ۔ قیمت:120 روپے

ملنے کا پتہ: القاسم اکیڈمی' جامعہ ابوہریرہ' خالق آباد' ضلع نوشہرہ' سرحد

مولانا عبدالقیوم حقانی معروف عالم دین اور صاحب طرز ادیب ہیں۔ آپ درجنوں کتب کے مصنف ہیں۔ ان کی کتابوں میں شرح شمائل ترمذی خصوصی اہمیت کی حامل ہے جو تین جلدوں پر مشتمل ایک ضخیم کتاب ہے۔ مصنف نے شائقین کی سہولت کی خاطر اُس کے چھوٹے چھوٹے اجزاء کو علیحدہ علیحدہ مستقل عنوانات کے تحت شائع کر دیا ہے' تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس سے مستفید ہو سکیں' اور ''آفتابِ نبوتؐ کی ضیاء پاشیاں'' بھی اس کا ایک حصہ ہے۔

زیر تبصرہ کتاب چودہ ابواب پر مشتمل ہے' جن میں شمائل ترمذی کی ساٹھ احادیث کی عالمانہ اور محققانہ تشریح و توضیح کی گئی ہے۔ ان احادیث میں رسول اللہ ﷺ کے زیر استعمال چیزوں مثلاً موزے' جوتے' انگوٹھی' تلوار' زرہ' خود' عمامہ' دستار' تکیہ وغیرہ کی کیفیت واضح کی گئی ہے۔ احادیث کی تشریح و توضیح میں حبّ رسولؐ کا جذبہ اور عقیدت و احترام کا عنصر نمایاں ہے۔ کتاب طلبہ اور اساتذہ کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔

فرمانِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ

''تم میں سے بہترین وہ ہے جو قرآن سیکھے اور اسے سکھائے''

(رواہ البخاری' عن عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ)